صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

بدھ 17 فروری 2016ء

روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10

# الفضل

The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

بدھ 17 فروری 2016ء 8 جمادی الاول 1437 ہجری 17 تبلیغ 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 40

## جاں لٹا کر

اس قدر محنت اٹھا کر
دولت و راحت لٹا کر
تم کو پایا جاں گنوا کر
اب تو میں جانے نہ دوں گا
میں تمہیں جانے نہ دوں گا

**(حضرت مصلح موعود)**

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

وہ ابتلاء کہ جو شیر ببر کی طرح اور سخت تاریکی کی مانند نازل ہوتا ہے اس لئے نازل ہوتا ہے کہ تا اس برگزیدہ قوم کو قبولیت کے بلند مینار تک پہنچادے۔ اور الٰہی معارف کے باریک دقیقے ان کو سکھادے۔ یہی سنت اللہ ہے۔ جو قدیم سے خدائے تعالیٰ اپنے پیارے بندوں کے ساتھ استعمال کرتا چلا آیا ہے زبور میں حضرت داؤدؑ کی ابتلائی حالت میں عاجزانہ نعرے اس سنت کو ظاہر کرتے ہیں اور انجیل میں آزمائش کے وقت میں حضرت مسیحؑ کی غریبانہ تضرعات اسی عادت اللہ پر دال ہیں اور قرآن شریف اور احادیث نبویہ میں جناب فخر الرسلؐ کی عبودیت سے ملی ہوئی ابتہالات اسی قانون قدرت کی تصریح کرتے ہیں اگر یہ ابتلاء درمیان میں نہ ہوتا تو انبیاء اور اولیاء ان مدارج عالیہ کو ہرگز نہ پاسکتے کہ جو ابتلاء کی برکت سے انہوں نے پالئے۔ ابتلاء نے ان کی کامل وفاداری اور مستقل ارادے اور جانفشانی کی عادت پر مہر لگادی اور ثابت کردکھایا کہ وہ آزمائش کے زلازل کے وقت کس اعلیٰ درجہ کا استقلال رکھتے ہیں اور کیسے سچے وفادار اور عاشق صادق ہیں کہ ان پر آندھیاں چلیں اور سخت سخت تاریکیاں آئیں اور بڑے بڑے زلزلے ان پر وارد ہوئے اور وہ ذلیل کئے گئے اور جھوٹوں اور مکاروں اور بے عزتوں میں شمار کئے گئے اور اکیلے اور تنہا چھوڑے گئے یہاں تک کہ ربانی مددوں نے بھی جن کا ان کو بڑا بھروسہ تھا کچھ مدت تک منہ چھپالیا اور خدا تعالیٰ نے اپنی مربیانہ عادت کو بہ یکبارگی کچھ ایسا بدل دیا کہ جیسے کوئی سخت ناراض ہوتا ہے اور ایسا انہیں تنگی وتکلیف میں چھوڑ دیا کہ گویا وہ سخت مورد غضب ہیں۔ اور اپنے تئیں ایسا خشک سا دکھلایا کہ گویا وہ ان پر ذرا مہربان نہیں بلکہ ان کے دشمنوں پر مہربان ہے اور ان کے ابتلاؤں کا سلسلہ بہت طول کھینچ گیا۔ ایک کے ختم ہونے پر دوسرا اور دوسرے کے ختم ہونے پر تیسرا ابتلاء نازل ہوا۔ غرض جیسے بارش سخت تاریک رات میں نہایت شدت وسختی سے نازل ہوتی ہے ایسا ہی آزمائشوں کی بارشیں ان پر ہوئیں پر وہ اپنے پکے اور مضبوط ارادہ سے باز نہ آئے اور سست اور شکستہ دل نہ ہوئے بلکہ جتنا مصائب وشدائد کا باران پر پڑتا گیا اتنا ہی انہوں نے آگے قدم بڑھایا اور جس قدر وہ توڑے گئے اسی قدر وہ مضبوط ہوتے گئے۔ اور جس قدر انہیں مشکلات راہ کا خوف دلایا گیا اسی قدر ان کی ہمت بلند اور شجاعت ذاتی جوش میں آتی گئی۔ بالآخر وہ ان تمام امتحانات سے اول درجہ کے پاس یافتہ ہوکر نکلے اور اپنے کامل صدق کی برکت سے پورے طور پر کامیاب ہوگئے اور عزت اور حرمت کا تاج ان کے سر پر رکھا گیا اور تمام اعتراضات نادانوں کے ایسے حباب کی طرح معدوم ہوگئے کہ گویا وہ کچھ بھی نہیں تھے غرض انبیاء واولیاء ابتلاء سے خالی نہیں ہوتے بلکہ سب سے بڑھ کر انہیں پر ابتلاء نازل ہوتے ہیں اور انہیں کی قوت ایمانی ان آزمائشوں کی برداشت بھی کرتی ہے عوام الناس جیسے خدا تعالیٰ کو شناخت نہیں کرسکتے ویسے اس کے خالص بندوں کی شناخت سے بھی قاصر ہیں بالخصوص ان محبوبانِ الٰہی کی آزمائش کے وقتوں میں تو عوام الناس بڑے بڑے دھوکوں میں پڑ جاتے ہیں گویا ڈوب ہی جاتے ہیں اور اتنا صبر نہیں کرسکتے کہ ان کے انجام سے منتظر رہیں۔ عوام کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ جل شانہ جس پودے کو اپنے ہاتھ سے لگاتا ہے اس کی شاخ تراشی اس غرض سے نہیں کرتا کہ اس کو نابود کردیوے۔ بلکہ اس غرض سے کرتا ہے کہ تا وہ پودا پھول اور پھل زیادہ لاوے اور اس کے برگ اور بار میں برکت ہو۔ پس خلاصہ کلام یہ کہ انبیاء اور اولیاء کی تربیت باطنی اور تکمیل روحانی کے لئے ابتلاء کا ان پر وارد ہونا ضروریات سے ہے اور ابتلاء اس قوم کے لئے ایسا لازم حال ہے کہ گویا ان ربانی سپاہیوں کی ایک روحانی وردی ہے جس سے یہ شناخت کئے جاتے ہیں۔

(الفضل 21 جون 2010ء)

## ضرورت ڈاکٹرز و رجسٹرار

درج ذیل آسامیوں کی فضل عمر ہسپتال میں فوری ضرورت ہے۔

☆ میڈیکل رجسٹرار
☆ سرجیکل رجسٹرار
☆ گائنی رجسٹرار (لیڈی ڈاکٹر)
☆ پیڈز رجسٹرار
☆ ای این ٹی سپیشلسٹ/ رجسٹرار
☆ پیتھالوجسٹ
☆ ریڈیالوجسٹ
☆ انستھیٹسٹ/ رجسٹرار
☆ میڈیسن/ سرجری/ پیڈز/ گائنی میں ہاؤس جاب بمع الاؤنس

کوالیفائیڈ خواہشمند امیدوار اپنی درخواستیں صدر صاحب/ امیر صاحب کی سفارش سے بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ جلد روانہ کریں۔ تجربہ رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔ بعض تجربہ کار کوالیفائیڈ کو کنٹریکٹ پر بھی رکھا جاسکتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے ایڈمنسٹریشن آفس سے فون نمبر 047-6215646 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## علمی سیمینار

نظارت تعلیم کے تحت Subcontinet: A Glimpse In History کے موضوع پر ایک سیمینار مورخہ 20 فروری 2016ء کو ہوگا۔ اس سیمینار میں شمولیت کے خواہشمند طلبہ وطالبات جلد از جلد اپنی رجسٹریشن درج ذیل ای میل ایڈریس پر کروالیں۔ رجسٹریشن کروانے کی آخری تاریخ 19 فروری ہے۔ رجسٹریشن کروانے کیلئے کوائف نام، ایڈریس، فون نمبر اور ای میل درکار ہیں۔ فون: 047-6212473

موبائل: 03339791321

Email:registration@njc.edu.pk

(نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ........... مطبع: ضیاء الاسلام پریس ........... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ........... قیمت 5 روپے

ادار یہ

# استاد کا احترام۔ڈاکٹر عبدالسلام کا ایک حیران کن واقعہ

استاد کی عزت واحترام اور شکر گزاری شریعت کا حکم ہے اور اسی وجہ سے ہماری مشرقی اقدار کا حصہ ہے۔اس بارہ میں محترم ڈاکٹر عبدالسلام کا نمونہ حیرت انگیز ہے۔اعلیٰ مناصب پر فائز ہونے، عالمی شہرت یافتہ وجود ہونے، نہایت مصروف اور معمور الاوقات ہونے کے باوجود اپنے اساتذہ سے ملنے اور ان کی خدمت کی بھرپور کوشش کرتے تھے۔ان کا ایک دلچسپ واقعہ مشہور صاحب قلم اور سائنس میگزین کے ایڈیٹر جناب قاسم محمود صاحب نے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل میں ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کی سائنس کے میدان میں خدمات اور کارہائے اپنے خطاب میں بیان کیا۔ یہ واقعہ فلم بند بھی ہوا اور احمدیہ ٹیلی ویژن پر دکھایا گیا۔جناب قاسم محمود صاحب لکھتے ہیں۔

''ڈاکٹر صاحب کا لاہور سے ٹیلی فون آیا کہ آپ میری ہمشیرہ کے گھر پہنچ جائیں۔ پتہ آپ ان سے خود پوچھ لیں۔گلیوں میں مکان تھا جس کے دروازے پر پردہ لٹک رہا تھا۔ کچھ مشتاق حضرات ڈاکٹر صاحب سے ملنے کے لئے موجود تھے۔جس کمرے میں ہم بیٹھے ہوئے تھے بیٹھک کہنا چاہئے جو ہمارے متوسط طبقہ میں ہوا کرتا ہے۔ دیواروں پر خوبصورت قرآن کریم کے طغرے آویزاں تھے۔ لیجئے ڈاکٹر صاحب کی سواری آ گئی لیکن وہ بیٹھک میں نہیں آئے جہاں ہم سب بیٹھے ہوئے تھے۔ انہیں چپکے سے ساتھ والے بغلی کمرے میں لے جایا گیا۔ دونوں کمروں کے درمیان کواڑ تھے اور بند تھے۔ پھر بھی ایک تھوڑی سی جھری رہ گئی تھی۔ خوامخواہ میری نظریں اس طرف کو جمی ہوئی تھیں۔ ایک اونچی سی کرسی پر ایک بت رکھا ہوا تھا۔ سر پر پگڑی لمبی سفید داڑھی۔ میں نے سمجھا کہ یہ بت مرزا صاحب کا ہی ہوسکتا تھا۔ میں نے دیکھا کہ ڈاکٹر صاحب جھک کر اوتار کی قدم بوسی کررہے ہیں۔کسی نے کواڑ بند کر دیا اور میں خفیف سا ہو کر ادھر ادھر دیکھنے لگا۔ جو خیالات میں ڈاکٹر صاحب کے لئے رکھتا تھا وہ بت پرستی سے بری طرح متزلزل ہوگئے گویا دنیا ہی بدل گئی۔ ڈاکٹر صاحب اپنی ہمشیرہ اور ان کے بچوں سے مل کر بیٹھک میں آئے۔ ان کی مہربانی انہوں نے سب سے پہلے مجھے ہی قریب بلایا اگرچہ میں اندر سے گھلا (کھولا) ہوا تھا۔ میں نے جلدی سے اجازت لی اور وہاں سے اٹھ آیا۔ میں نے وہ رات کانٹوں پر بسر کی۔ کتنا عظیم انسان جو بات بات پر قرآن کریم کے حوالے دیتا ہے۔ بت پرست ہوسکتا ہے، سمجھ میں نہ آئے۔ دوسرے دن مجھ سے نہ رہا گیا اور میں نے ان کی ہمشیرہ کو فون کیا اور وہ بہت خوشی سے پیش آئیں۔ وہ بہت خوش تھیں کہ ان کے بھائی جان نے غریب نوازی کی تھی اور عرصہ دراز کے بعد ان کے گھر آئے تھے ورنہ پہلے باہر ہی ہوٹلوں میں ٹھہر کر چلے جاتے تھے۔ کہنے لگیں کہ میرا بھائی بہت خوش خوراک ہے میں نے ان کی پسند کی تین ڈشیں بنائی تھیں لیکن آپ جلدی چلے گئے۔ میں نے جسارت کرلی کہ بتائیں ہمارے کمرہ میں آنے سے پہلے ڈاکٹر صاحب بغلی کمرہ میں کس کے پاس گئے تھے۔ کہنے لگیں یہ ایک بہت ہی ذاتی سی بات ہے۔ سختی سے منع کررکھا ہے مگر آپ نے پوچھا ہے تو بتا دیتی ہوں۔ یہ ان کے آخری استاد ہیں جو بقید حیات ہیں باقی سب اللہ کو پیارے ہوگئے ہیں۔ کیا بتاؤں بھائی جان اپنے استادوں کی اتنی عزت کرتے ہیں کہ کوئی کر ہی نہیں سکتا۔ یہ آخری استاد ہیں سکول کے زمانے کے 80 یا 85 سال کے تو ہونگے۔ بھائی جان کو انہوں نے چھوٹی کلاسوں میں پڑھایا ہے۔ پتہ نہیں فارسی، عربی، تاریخ یا جغرافیہ پڑھایا ہے۔ مجھے معلوم نہیں۔ پہلے وہ جھنگ میں رہتے تھے اور جب مصروفیت اجازت دیتی تھی، ڈاکٹر صاحب ان سے ملنے کے لئے جھنگ چلے جاتے تھے پھر مصروفیات زیادہ بڑھیں تو انہیں کراچی بلوالیا اور کورنگی میں ایک کوارٹر لے دیا ہے۔ حسب توفیق خدمت کرتے رہتے ہیں اپنے استاد کی قدم بوسی کے لئے وہ خود کراچی آتے جاتے ہیں۔ان کے پاس پیش ہوتے ہیں۔لیکن کل صبح ہی بھائی جان نے لاہور سے ٹیلی فون کیا تھا کہ ماسٹر صاحب کو کورنگی سے ایسی گاڑی بھجوا کر بلوالوں جس میں انہیں کوئی تکلیف نہ ہو۔ اس لئے ہم نے گاڑی بھجوا کر انہیں بلوالیا وہ تو بس پانچ منٹ میں واپس چلے گئے تھے۔ میں آپ کو بتاؤں میرا بھائی فرشتہ ہے فرشتہ!!''

جناب قاسم محمود صاحب نے جب اپنا مبہوت کن واقعہ ختم کیا تو سامعین نے بھرپور تالیوں سے ڈاکٹر صاحب کی عظمت اور سعادت مندی کی جی بھر کر داد دی۔ محترم بشیر الدین سامی صاحب لکھتے ہیں۔اس جاندار واقعہ کے سفید پگڑی اور سفید لمبی داڑی والے مرکزی کردار محترم سردار مصباح الدین صاحب تھے جن کا ڈاکٹر صاحب بے حد احترام کرتے تھے۔ یہاں اس بات کا بھی ذکر کردینا ضروری ہے کہ جناب قاسم محمود صاحب کی نظروں نے ایسا دھوکہ کیوں کھایا جس سے ان کے خیالات ڈاکٹر صاحب کے لئے متزلزل ہوئے۔ امر واقعہ یہ تھا کہ سردار صاحب کے کولہے کی ہڈی اس بری طرح ٹوٹ چکی تھی کہ باوجود آپریشن کے وہ اپنے پاؤں پر کھڑا نہیں ہوسکتے تھے۔ جس کی وجہ سے وہ وھیل چیئر استعمال کرنے لگے۔ ادھر کان کی شنوائی بھی اس بری طرح متاثر تھی کہ کان کے ساتھ ہی لگ کر بات ہوسکتی تھی اور وہ بھی بہت مشکل کے ساتھ۔ ان کی وھیل چیئر اونچی سطح کی تھی وہ ہمیشہ سفید پگڑی پہنتے تھے، سفید داڑھی تھی اور سفید شلوار قمیص۔ ڈاکٹر صاحب جو انتہائی مصروفیت کے عالم میں تھے اور کسی اگلی ہی فلائٹ سے واپس جانے والے تھے ان کی سعادت مندی کی انتہا تھی کہ انہوں نے اپنے اس بزرگ کو پہلے ملنا پسند فرمایا تا کہ چند ساعت ہی سہی وہ ان سے مل سکیں۔ یہ ڈاکٹر صاحب کی ان سے آخری ملاقات تھی۔ جس کے لئے ڈاکٹر صاحب کو یقیناً مکمل جھکنا پڑا اور خیریت معلوم کرنے اور دعا کے لئے کہنے کے لئے کانوں کے قریب ہونا پڑا۔ یہ وہ نظارہ تھا جس کو ایک اجنبی ایک چھوٹی سی جھری میں سے دیکھ کر غلط فہمی میں پڑ گیا۔

(میری پونجی از صفیہ بشیر سامی صفحہ 79)

## ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام | پاکستانی وقت کے مطابق

پروگراموں میں 20,15 منٹ کی کمی بیشی یا تبدیلی کی جاسکتی ہے

### 17 فروری 2016ء

| | |
|---|---|
| 12:25 am | خطبہ جمعہ 12 فروری 2016ء (عربی ترجمہ) |
| 1:30 am | The Bigger Picture Live |
| 2:15 am | آؤ اردو سیکھیں |
| 2:30 am | منتخب تحریرات مبارکہ حضرت مسیح موعود |
| 3:00 am | فیتھ میٹرز |
| 4:00 am | سوال و جواب |
| 5:00 am | عالمی خبریں |
| 5:15 am | تلاوت قرآن کریم |
| 5:25 am | درس مجموعہ اشتہارات |
| 5:40 am | یسرنا القرآن |
| 6:00 am | بستان وقف نو |
| 7:00 am | آؤ اردو سیکھیں |
| 7:15 am | جمہوریت سے انتہا پسندی تک |
| 8:15 am | سٹوری ٹائم |
| 8:30 am | آداب زندگی |
| 9:05 am | نور مصطفویؐ |
| 9:25 am | آسٹریلین سروس |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت قرآن کریم |
| 11:15 am | آؤ حسن یار کی باتیں کریں |
| 11:35 am | الترتیل |
| 12:05 pm | حضور انور کا جلسہ سالانہ کینیڈا سے خطاب 8 جولائی 2012ء |
| 1:15 pm | قرآن کریم کوئز |
| 2:00 pm | سوال و جواب |
| 3:20 pm | انڈونیشین سروس |
| 4:20 pm | خطبہ جمعہ 12 فروری 2016ء (سواحیلی ترجمہ) |
| 5:25 pm | تلاوت قرآن کریم |
| 5:40 pm | الترتیل |
| 6:10 pm | خطبہ جمعہ 19 مارچ 2010ء |
| 7:10 pm | بنگلہ سروس |
| 8:10 pm | دینی وفقہی مسائل |
| 8:40 pm | کڈز ٹائم |
| 9:15 pm | فیتھ میٹرز |
| 10:20 pm | الترتیل |
| 11:00 pm | عالمی خبریں |
| 11:20 pm | جلسہ سالانہ کینیڈا سے خطاب |

# بحر عرفان۔ روحانی زندگی کے راز

## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات جمعہ 2015ء کے موضوعات

قسط اول

مرتبہ: مکرم محمد رئیس طاہر صاحب

### شرائط بیعت کے حوالے سے نصائح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 2 جنوری | 2015ء |
| الفضل | 24 فروری | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا نئے سال پر مبارکباد دینے کا فائدہ تبھی ہے جب ہم اپنے جائزے لیں اور آئندہ کیلئے اس کا حق ادا کرنے کی کوشش اور محنت کریں۔ شرائط بیعت کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کو ادا کریں۔ ایک احمدی ہونے کے ناطہ سے ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم نیکیوں کو بجالانے والے بنیں۔ اور جو معیار حضرت مسیح موعود نے شرائط بیعت میں بیان فرمائے ہیں ان کو سامنے رکھیں۔

### وقف جدید کے 58ویں سال کا اعلان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 9 جنوری | 2015ء |
| الفضل | 3 مارچ | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا آج حضرت مسیح موعود کی جماعت ہی وہ جماعت ہے جو اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے، نیک مقاصد، دعوت الی اللہ اور مربیان کی تیاری کیلئے مالی قربانی کر رہی ہے۔ جس کے ذریعے قرآن کریم کی اشاعت، مشن ہاؤسز و بیوت الذکر کی تعمیر، ہسپتالوں کا قیام اور ریڈیو سٹیشنوں کا اجراء کیا جارہا ہے۔ مختلف ممالک اور بعض بڑی جماعتوں کی وقف جدید کی مالی قربانی کا جائزہ بھی پیش فرمایا۔ وقف جدید کی مالی قربانی میں پاکستان اول، برطانیہ دوم اور امریکہ سوم رہے۔

### گستاخی رسولؐ کرنے والے خدا کی گرفت میں آئیں گے

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 16 جنوری | 2015ء |
| الفضل | 10 مارچ | 2015ء |

حضور انور فرمایا جو لوگ آنخضرت ﷺ کی گستاخی کرتے ہیں وہ احمقوں کی جنت میں بستے ہیں وہ ضرور خدا کی گرفت میں آئیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ کہہ کر کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر رحمت بھیجتے ہیں ایک اصولی بات بتادی کہ یہ حرکتیں نبی ﷺ کے مقام کو کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکتیں۔ ہر احمدی کو کثرت سے درود شریف پڑھنے کی تحریک فرمائی۔ آنخضرت ﷺ کی محبت اور تعلیم ہی دنیا کے فساد کو ختم کرسکتی ہیں۔ مکرم مولوی عبدالقادر دہلوی درویش صاحب اور مکرمہ مبارکہ بیگم صاحبہ اہلیہ بشیر احمد صاحب حافظ آبادی کی نماز جنازہ غائب و ذکر خیر۔

### آنخضرت ﷺ کیلئے حضرت مسیح موعود کی غیرت ایمانی

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 23 جنوری | 2015ء |
| الفضل | 17 مارچ | 2015ء |

حضور انور نے حضرت مصلح موعود کے پیش فرمودہ حضرت مسیح موعود کی سیرت کے بعض واقعات پیش فرمائے جن سے آپ کے عشق رسول ﷺ اور غیرت ایمانی کا علم ہوتا ہے۔

### مربیان، واقفین زندگی اور عہدیداران کو زریں نصائح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 30 جنوری | 2015ء |
| الفضل | 25 مارچ | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا کہ مربیان، عہدیداران اور دوسرے صاحب علم افراد اس طرف خاص طور پر توجہ دیں کہ وہ سہارا دے کر کمزور افراد کی استعدادوں کو بڑھائیں۔ ان کے علمی اور دینی ترقی کے معیاروں کو اونچا کریں۔ یاددہانی کے کام کو ہر حال میں جاری رکھیں۔

### مطالعہ کتب حضرت مسیح موعود

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 6 فروری | 2015ء |
| الفضل | یکم اپریل | 2015ء |

حضور انور نے مطالعہ کتب حضرت مسیح موعود کی اہمیت، نماز باجماعت کا التزام، افواہوں کے پھیلانے سے باز رہنے، وقت کے ضیاع سے بچنے، سیر کی باقاعدگی وغیرہ متفرق امور سے متعلق حضرت مصلح موعود کے حضرت اقدس مسیح موعود کے متعلق بیان فرمودہ مختلف واقعات کا ایمان افروز تذکرہ فرمایا اور احباب کو نصائح فرمائیں۔

### خلافت کے ساتھ تعلق جوڑیں فردی اور قومی خوبیاں پیدا کریں

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 13 فروری | 2015ء |
| فل لندن | 6 مارچ | 2015ء |

حضور انور نے خلافت کے ساتھ وابستہ رہنے، ایم ٹی اے اور جماعتی ویب سائٹ سے منسلک ہونے کی تلقین فرمائی۔ نیز فرمایا کہ کمزوریاں اور خوبیاں دو قسم کی ہوتی ہیں۔ ایک فردی اور دوسری قومی۔ دونوں قسم کی کمزوریوں اور نقائص سے بچنا چاہئے اور دونوں قسم کی خوبیاں پیدا کرنی چاہئیں۔ نظام کے تمام حصے غور کریں اور منصوبہ بندی کریں کہ احمدی آجکل کی معاشرتی برائیوں میں مبتلا نہ ہوں جو ہر طرف پھیلی ہوئی ہیں۔

### پیشگوئی مصلح موعود کے متعلق حضرت مصلح موعود کے ارشادات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 20 فروری | 2015ء |
| الفضل | 14۔اپریل | 2015ء |

حضور انور نے پیشگوئی مصلح موعود کے پورے ہونے اور اس کے متعلق حضرت مصلح موعود کو خدا تعالیٰ نے جو خبریں دیں۔ اور آپ نے جلسہ جات میں اس پیشگوئی کے مصداق ہونے کے متعلق جو تقاریر کیں ان میں چند اقتباسات پیش فرمائے۔ اور اس کی اہمیت کی بھی وضاحت فرمائی۔ آخر میں محترم محمد صدیق صاحب گورداسپوری کی وفات پر ان کا ذکر خیر فرمایا۔

### سیرت حضرت مسیح موعود

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 27 فروری | 2015ء |
| الفضل | 21۔اپریل | 2015ء |

حضور انور نے حضرت مصلح موعود کی بیان فرمودہ حضرت مسیح موعود کی سیرت کے مختلف پہلوؤں کا نہایت دلچسپ اور ایمان افروز تذکرہ فرمایا اور اس کے حوالے سے احباب جماعت کو اہم نصائح کیں۔ آخر میں مکرم سمیر بخوطہ صاحب آف الجزائر اور مکرم بشیر احمد صاحب کی وفات پر ذکر خیر فرمایا۔

### اپنے کل کا بہت فکر کریں

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 6 مارچ | 2015ء |
| الفضل | 28۔اپریل | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا کہ اگر یہ یقین انسان رکھے کہ کوئی خبیر و علیم بادشاہ ہے جو ہر قسم کی بدکاری، دغا، فریب، سستی و کاہلی کو دیکھتا ہے اور اس کا بدلہ دے گا۔ تو وہ بچ سکتا ہے۔ شیطان کا حملہ اور روحانی بیماری بہت زیادہ خطرناک ہے اس کا علاج تقویٰ ہے۔ عارضی فائدوں کی بجائے اپنے کل پر نظر رکھیں۔ اخلاقی انحطاط سے ذہنی سکون جاتا رہتا ہے۔

### قیام توحید اور اصلاح کی تلقین

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 13 مارچ | 2015ء |
| فل لندن | 3۔اپریل | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا حضرت مصلح موعود کی بیان فرمودہ حضرت مسیح موعود کی سیرت بیان فرمائی اور اس کی روشنی میں نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ حقیقی توحید اس وقت قائم ہوگی جب ہم احدیت کی حقیقت کو سمجھتے ہوئے آپس میں محبت اور بھائی چارہ کو فروغ دیں گے۔ حضور نے واحد اور احد کے الفاظ کی بھی وضاحت بیان فرمائی۔ اور فرمایا کہ ہماری عملی اور اعتقادی حالتیں ایسی ہونی چاہئے کہ ہم دوسروں سے ممتاز اور منفرد نظر آئیں۔

### سورج گرہن کا نشان اور ایمان افروز واقعات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 20 مارچ | 2015ء |
| الفضل | 5 مئی | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا۔ گرہن کے موقع پر آنخضرت ﷺ نے دعاؤں، استغفار، صدقہ و خیرات اور نماز پڑھنے کی ہدایت فرمائی ہے۔ حضرت مسیح موعود کیلئے چاند سورج کی پیشگوئی کا پورا ہونا اور اس نشان کے نتیجہ میں ظاہر ہونے والے ایمان افروز واقعات کا بیان۔

### سیرت حضرت مسیح موعود اور جماعت کی تاریخ کا تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 27 مارچ | 2015ء |
| الفضل | 12 مئی | 2015ء |

حضور انور نے حضرت مصلح موعود کے بیان فرمودہ واقعات کا ایمان افروز تذکرہ فرمایا۔ جن سے حضرت مسیح موعود کی سیرت اور جماعت احمدیہ کی تاریخ پر روشنی پڑتی ہے۔ احمدیت دنیا کے کونے کونے میں پہنچ چکی ہے اور احمدی ہر قربانی کے لئے تیار ہیں۔

## خوابوں سے راہنمائی

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 3۔اپریل | 2015ء |
| الفضل | 19 مئی | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا کہ جماعت احمدیہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے باوجود بہت زیادہ مخالفت کے بڑھتی جارہی ہے۔ اللہ تعالیٰ خود خوابوں کے ذریعے لوگوں کی راہنمائی فرمارہا ہے۔ اس سلسلہ میں چند واقعات بھی پیش فرمائے۔

## نمازوں میں خشوع وخضوع

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 10۔اپریل | 2015ء |
| الفضل | 26 مئی | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے یقینی فلاح کی ضمانت ان مومنوں کو دی ہے جو اس کی رحیمیت سے فیض پانے کی کوشش کرتے ہیں اور جس کی پہلی شرط نمازوں اور عبادتوں میں خشوع ہے۔ اللہ تعالیٰ کا قرب پانے کیلئے عاجزی اور انکساری کو انتہا تک پہنچا کر لغویات سے پرہیز کرنا بھی ضروری ہے۔

## حضرت مسیح موعود کی سیرت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 17۔اپریل | 2015ء |
| الفضل | 2 جون | 2015ء |

حضور انور نے حضرت مصلح موعود کے بیان فرمودہ مختلف واقعات کے حوالہ سے حضرت اقدس مسیح موعود کی سیرت کے مختلف پہلوؤں کا ایمان افروز تذکرہ فرمایا۔ فرمایا دعا وہ ہتھیار ہے جو زمین و آسمان بدل دیتا ہے۔ نیز حضرت مسیح موعود کی آنحضرت ﷺ اور دین حق کیلئے غیرت ان کی سچائی ثابت کرنے کیلئے نشانات دکھانے کا ایمان افروز تذکرہ فرمایا۔

## اخلاق کی درستی اور مذہب

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 24۔اپریل | 2015ء |
| الفضل | 9 جون | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا۔ آج کل یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ اگر مذہب کے مانے بغیر ہی اخلاق اچھے ہوں تو پھر مذہب کی کیا ضرورت ہے۔ حضور انور نے اخلاق کی درستی، مادی ترقی اور مذہب کے تعلق کو سمجھانے کیلئے حضرت مصلح موعود کے پُر معارف خطبہ کے حوالے سے قرآن مجید اور اسوہ نبوی ﷺ کی روشنی میں اس اعتراض کا رد بیان فرمایا۔

## خدمت خلق اور حضرت مسیح موعود

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | یکم مئی | 2015ء |
| الفضل | 16 جون | 2015ء |

حضور انور نے حضرت مسیح موعود کی سیرت سے مخلوق خدا کی خدمت، توکل علی اللہ، قبولیت دعا اور قادیان کی ترقی کے متعلق واقعات بیان فرمائے جو حضرت مصلح موعود نے اپنے خطبات میں بیان فرمائے تھے۔ فرمایا رب العالمین کا مظہر بننے کیلئے اپنوں اور غیروں کی خدمت کرنے کی کوشش کریں۔

## جماعت کی ترقی بیوت الذکر آباد کرنے سے وابستہ ہے

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 8 مئی | 2015ء |
| الفضل | 23 جون | 2015ء |

حضور انور نے قادیان کی ترقی کا واقعہ حضرت مصلح موعود کی زبانی سے بیان کرنے کے بعد فرمایا کہ قادیان بھی بہت ترقی کر چکا ہے اور جماعت بھی ترقی کر رہی ہے۔ لیکن یاد رکھیں کہ جماعت کی ترقی بیوت الذکر کی آبادی اور وسعت سے وابستہ ہے۔ حضور انور نے جماعتی ترقیات کا بھی ذکر فرمایا۔

## حمد الٰہی اور آنحضرتؐ کی عظمت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 15 مئی | 2015ء |
| الفضل | 30 جون | 2015ء |

حضور انور نے حضرت مسیح موعود کی پُر شوکت تحریرات سے حمد الٰہی اور آنحضرت ﷺ کی عظمت شان، خلق عظیم اور احسانات کا تذکرہ فرمایا۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ آنحضرت ﷺ کی سچے دل سے پیروی کرنا اور آپؐ سے محبت کرنا انجام کار انسان کو خدا کا پیارا بنادیتا ہے۔

## رفقاء کی مالی قربانی کا تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 22 مئی | 2015ء |
| الفضل | 7 جولائی | 2015ء |

حضور انور نے جماعت کے آغاز میں مالی وقت اور بعد میں کشائش کے عطا ہونے، لنگر خانہ کے اخراجات پورا کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ کی خاص نصرت وتائید، رفقاء کا حضرت مسیح موعود سے والہانہ محبت کا تذکرہ فرمایا۔ نیز حضرت مصلح موعود کے بیان فرمودہ واقعات کے حوالہ سے حضرت مسیح موعود کی سیرت کے مختلف پہلوؤں کا بیان اور ایمان افروز تذکرہ فرمایا۔

## اللہ تعالیٰ خلافت کی تائید ونصرت فرماتا رہا ہے اور فرماتا رہے گا

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 29 مئی | 2015ء |
| الفضل | 14 جولائی | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے خلافت کی تائید ونصرت فرماتا رہا ہے اور آئندہ بھی فرماتا رہے گا۔ آج دنیا میں دعوت الی اللہ کا کام خلافت کے تحت ہی ہو رہا ہے۔ اپنی نمازوں کی حفاظت کریں، شرک نہ کریں اور خلیفہء وقت کی ہر بات جو اصلاح کیلئے کہی جائے اس پر عمل کریں۔ اور اس کا پیغام ہر شخص تک پہنچائیں۔

## خدا اور بندوں کے حقوق ادا کریں

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 5 جون | 2015ء |
| الفضل | 22 جولائی | 2015ء |

حضور انور نے جرمنی جلسہ کے حوالے سے احمدیوں کو نصائح فرمائیں کہ جلسوں کا انعقاد کا مقصد کمزوریوں کو دور کر کے نیکیوں کو اختیار کر کے اپنے اندر اخلاقی انقلاب پیدا کرنا ہے۔ جلسہ کے دوران ذکر الٰہی کی طرف توجہ دیں اور اس طرح اللہ تعالیٰ سے ایک تعلق پیدا کریں۔ نیز اپنے بھائیوں کے حقوق کی ادائیگی کی طرف بھی توجہ دیں۔

## دورہ جرمنی کے دوران ہونے والے فضلوں کا ذکر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 12 جون | 2015ء |
| الفضل | 28 جولائی | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے نظارے تو ہم ہر روز دیکھتے ہیں لیکن جب کہیں سفر پر جاتا ہوں تو اللہ تعالیٰ کے فضل کئی گنا زیادہ بڑھ کر ہوتے ہیں۔ جلسہ سالانہ جرمنی، بیوت الذکر کے افتتاح اور دوسری تقاریب میں نازل ہونے والی برکتوں اور دعوت الی اللہ کے مواقع کے متعلق بیان فرمایا۔ کئی ملین افراد تک پیغام حق پہنچانے کا موقع ملا۔

## رمضان کی برکات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 19 جون | 2015ء |
| الفضل | 4۔اگست | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا رمضان کا آغاز ہے اس مہینے اللہ کی رحمت جوش آتی ہے۔ اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا چاہئے۔ شیطان کو باندھ کر نیکیوں کو اختیار کر کے اللہ کی ستاری اور مغفرت کے حصول کی کوشش کریں۔ نیز رمضان میں عاجزی اور انکساری سے عبادت بجالانے کی نصیحت فرمائی۔

## رمضان اور معاشرتی حقوق

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 26 جون | 2015ء |
| الفضل | 11۔اگست | 2015ء |

حضور انور نے فرمایا کہ رمضان کے حوالے سے قرآن کریم نے بیشار حکم دیئے ہیں کہ ہماری توجہ اصلاح نفس کی طرف رہے۔ گھروں کے جھگڑوں کو ختم کر کے امن کی فضا پیدا کریں۔ عبادتوں اور ذکر الٰہی کے ساتھ یتامیٰ، ضرورتمندوں، مسکینوں کی خبرگیری کریں۔ تعلیم، شادی، علاج معالجہ اور دوسرے اخراجات کے لئے جماعتی فنڈز قائم ہیں صاحب حیثیت احمدیوں کو اس میں حصہ لینا چاہئے۔

## عہدیدار اپنا فرض ادا کریں

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 3 جولائی | 2015ء |
| الفضل | 18۔اگست | 2015ء |

حضور انور نے قرآن مجید، احادیث نبویہ ﷺ اور حضرت مسیح موعود کے ارشادات کے حوالہ سے امانتوں کی ادائیگی اور خیانت سے بچنے اور غصہ کو دبانے اور اعلیٰ اخلاق دکھانے سے متعلق ہدایات دیں۔ نیز فرمایا جماعتی نظام اور ذیلی تنظیمیں اور ان کے عہدیدار خلافت کے دست وبازو بن کر ان فرائض کو ادا کرنے کی کوشش کریں۔ رمضان کو بھی اپنی اصلاح کا ذریعہ بنائیں۔ بعض کارکنان اور عہدیدار نمازوں میں سست ہیں۔ تقویٰ کے ساتھ خدا کے حقوق ادا کریں۔

## رمضان دعاؤں اور نیکیوں کا مہینہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 10 جولائی | 2015ء |
| الفضل | 25۔اگست | 2015ء |

حضور انور نے رمضان کی برکتوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اس ماہ کی برکتیں بغیر کسی شرط کے نہیں ملا کرتیں۔ وہ شرط احکامات وارشادات کی پیروی ہے۔ رحمت، مغفرت، نجات پانی اور دعائیں قبول کروانی ہیں تو نیکیوں اور اعمال کی اعلیٰ معیار قائم کریں۔ اپنی حالتوں میں انقلاب پیدا کریں۔ ہر قول اور ہر فعل خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کیلئے کریں۔

## حضرت سعد بن خولیؓ

اس نام کے دو صحابہ تھے۔ ایک حضرت سعد بن خولی عامریؓ اور دوسرے حضرت سعد بن خولیؓ، مولیٰ حاطب بن ابی بلتعہ۔ حضرت سعد بن خولی عامریؓ، حضرت جعفر بن ابی طالبؓ کے ساتھ ہجرت حبشہ ثانیہ میں شامل تھے اور حضرت سعد بن خولیؓ مولیٰ حاطب کا تعلق مذحج قبیلہ سے تھا۔ یہ دونوں صحابہ غزوۂ بدر میں شامل تھے۔ ایک روایت کے مطابق حضرت سعد بن خولی مولیٰ حاطب غزوۂ اُحد میں شہید ہوگئے تھے۔ اولین مہاجرین سے تھے۔ شرکاء بدر سے تھے۔

## وصایا

**ضروری نوٹ**

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

### مسل نمبر 122377 میں نعمان احمد

ولد اقبال احمد قوم رندھ پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ربوہ ضلع و ملک چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 7 دسمبر 2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ نعمان احمد گواہ شد نمبر 1۔ صغیر احمد ولد محمد یوسف گواہ شد نمبر 2۔ رفیع احمد ولد محمد یوسف

### مسل نمبر 122378 میں سیماب علی خان

بنت محمد علی قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Ganda Singh ضلع و ملک فیصل آباد پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 21 مئی 2015 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 600 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ سیماب علی خان گواہ شد نمبر 1۔ محمد علی ولد غلام غوث گواہ شد نمبر 2۔ محمد شہباز ولد عبدالمجید

### مسل نمبر 122379 میں طاہر محمود

ولد طالب حسین قوم گجر پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ربوہ ضلع و ملک چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 27 اپریل 2015 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 450 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ طاہر محمود گواہ شد نمبر 1۔ شاہد محمود ولد طالب حسین گواہ شد نمبر 2۔ مظفر احمد ولد عبدالخالق

### مسل نمبر 122380 میں اسجد فاروق

ولد مقصود احمد قوم چیمہ پیشہ زراعت عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Aziz Pur Dugri ضلع و ملک سیالکوٹ پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 11 ستمبر 2015 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) ایک بھینس 1 لاکھ پاکستانی روپے (2) آٹا چکی 25 ہزار پاکستانی روپے اس وقت مجھے مبلغ 6 ہزار 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ مبلغ 78 ہزار روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ اسجد فاروق گواہ شد نمبر 1۔ آصف احمد ولد بشارت احمد گواہ شد نمبر 2۔ محمد ابرار ولد محمد یوسف

### مسل نمبر 122381 میں چوہدری ریاض احمد

ولد چوہدری ہدایت علی قوم جٹ پیشہ بے روزگار عمر 57 سال بیعت 1977ء ساکن اسلام آباد ضلع و ملک اسلام آباد پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 22 جولائی 2015ء میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) مکان 60*25 پاکستانی روپے اس وقت مجھے مبلغ 33 ہزار روپے ماہوار بصورت Rent Hou مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ چوہدری ریاض احمد گواہ شد نمبر 1۔ حزقیل احمد معاذ ولد چوہدری ریاض احمد گواہ شد نمبر 2۔ شرجیل احمد ولد چوہدری ریاض احمد

### مسل نمبر 122382 میں شاہدہ پروین

زوجہ تقی الدین مسرور قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفضل غربی فضل ربوہ ضلع و ملک چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ یکم نومبر 2015 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) Haqmahr By Gold۔ 60 ہزار پاکستانی روپے (2) Jewellery Gold۔ 62 ہزار پاکستانی روپے اس وقت مجھے مبلغ 1 ہزار روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شاہدہ پروین گواہ شد نمبر 1۔ محمود احمد چوہدری ولد چوہدری محمد اسحٰق مرحوم گواہ شد نمبر 2۔ تقی الدین مسرور ولد حفیظ احمد

### مسل نمبر 122383 میں آصفہ روبینہ

بنت حفیظ احمد قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفضل غربی فضل ربوہ ضلع و ملک چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ یکم نومبر 2015 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) حق مہر ادائیگی 50 ہزار پاکستانی روپے (2) زیور 8 ہزار 500 پاکستانی روپے اس وقت مجھے مبلغ 1 ہزار روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ آصفہ روبینہ گواہ شد نمبر 1۔ محمود احمد چوہدری ولد چوہدری محمد اسحٰق مرحوم گواہ شد نمبر 2۔ محمد اکرم خالد ولد چوہدری محمد طفیل

### مسل نمبر 122384 میں فیصل رحمٰن

ولد طارق محمود مرحوم قوم گوندل پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Mir Pur Khas ضلع و ملک Mirpur Khas, Pakistan بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 26 راگست 2015 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ فیصل رحمٰن گواہ شد نمبر 1۔ بشارت حمید ولد طارق محمود گواہ شد نمبر 2۔ میاں رفیق احمد ولد مولوی کرم الٰہی مرحوم

### مسل نمبر 122385 میں راقب احمد گوندل

ولد پرویز احمد قوم گوندل پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Mir Pur Khas ضلع و ملک Mirpur Khas, Pakistan بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 28 راگست 2012ء میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 600 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ راقب احمد گوندل گواہ شد نمبر 1۔ پرویز احمد ولد چوہدری ناصر احمد مرحوم گواہ شد نمبر 2۔ میاں رفیق احمد ولد مولوی کرم الٰہی مرحوم

### مسل نمبر 122386 میں بشیر احمد سدھو

ولد غلام نبی چوہدری مرحوم قوم سدھو پیشہ زراعت عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Goth Ghulam Nabi ضلع و ملک میرپورخاص بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 31 راگست 2015ء میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) Agr Land 10.5Acr 31 لاکھ 50 ہزار پاکستانی روپے اس وقت مجھے مبلغ 10 ہزار روپے کھاتہ داروں کی زمین سے بصورت سالانہ مل رہے ہیں۔ اور مبلغ 90 ہزار روپے اپنی زمین سے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ بشیر احمد سدھو گواہ شد نمبر 1۔ سفیر احمد ناصر ولد بشیر احمد گواہ شد نمبر 2۔ چوہدری ظفر اللہ ولد غلام نبی مرحوم

### مسل نمبر 122387 میں شازیہ بی بی

زوجہ بشیر احمد سدھو قوم سدھو پیشہ ملازمتیں عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرپور خاص ضلع و ملک میرپورخاص بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 22 اکتوبر 2015ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) حق مہر 25 ہزار پاکستانی روپے (2) زیور 55 گرام 2 لاکھ 15 ہزار پاکستانی روپے اس وقت مجھے مبلغ 14 ہزار روپے ماہوار بصورت Salary مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شازیہ بی بی گواہ شد نمبر 1۔ سفیر احمد ناصر ولد بشیر احمد گواہ شد نمبر 2۔ بشیر احمد سدھو ولد غلام نبی چوہدری

### مسل نمبر 122388 میں مرید حسین

ولد احمد دین مرحوم قوم اعوان پیشہ پنشنر عمر 74 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Saleem Pur ضلع و ملک سیالکوٹ پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 25 راکتوبر 2015ء میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) Agr Land 34 مرلہ (2) Plot 4 مرلہ 4 لاکھ پاکستانی روپے (3) House 14 مرلہ 15 لاکھ پاکستانی روپے اس وقت مجھے مبلغ 11 ہزار 700 روپے ماہوار بصورت Pension مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ مرید حسین گواہ شد نمبر 1۔ جری اللہ ولد مرید حسین گواہ شد نمبر 2۔ سیف اللہ ولد مرید حسین

### مسل نمبر 122389 میں بشریٰ بیگم

زوجہ مرید حسین قوم اعوان پیشہ خانہ داری عمر 70 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Saleem Pur ضلع و ملک سیالکوٹ پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 25 راکتوبر 2015ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) Agr Land Sold-8 مرلہ 6 لاکھ پاکستانی روپے (2) زیور 1 تولہ 4 ماشہ 60 ہزار پاکستانی روپے (3) حق مہر 600 روپے اس وقت مجھے مبلغ 5 ہزار روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ بشریٰ بیگم گواہ شد نمبر 1۔ جری اللہ ولد مرید حسین گواہ شد نمبر 2۔ سیف اللہ ولد مرید حسین

# اطلاعات واعلانات

## محترم صوفی نذیر احمد صاحب کی وفات

مکرم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے خسر مکرم صوفی نذیر احمد صاحب جرمنی میں 93 سال کی عمر میں مورخہ 7 فروری 2016ء کو وفات پا گئے۔ آپ کی نماز جنازہ ہائیڈل برگ جرمنی میں ان کے بڑے بیٹے مکرم ڈاکٹر محمد جلال شمس صاحب انچارج ترکش ڈیسک لندن نے مورخہ 9 فروری کو پڑھائی۔ اگلے دن فرینکفرٹ جرمنی میں مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جرمنی نے پڑھائی۔ مورخہ 12 فروری کو محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے بیت مبارک میں بعد نماز عصر نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ دارالفضل میں تدفین کے بعد صاحبزادہ صاحب نے ہی دعا کروائی۔

محترم صوفی نذیر احمد صاحب 10 فروری 1923ء کو پیدا ہوئے۔ آپ نے محمد آباد اسٹیٹ اور بعدازاں ربوہ کے مختلف محلّہ جات میں بطور سیکرٹری مال خدمات سرانجام دیں۔ ربوہ میں قیام کے دوران رضاکارانہ طور پر دفتر پرائیویٹ سیکرٹری اور ایڈیشنل نظارت تعلیم القرآن میں اور لندن منتقل ہونے کے بعد دفتر پرائیویٹ سیکرٹری میں خدمات بجالاتے رہے۔ آپ صوم وصلوٰۃ کے پابند، نماز تہجد کے عادی، نیک، صالح اور مستجاب الدعاء بزرگ تھے۔ آپ نے سرکاری ملازمت بھی کی جہاں آپ نماز وقت پر ادا کرتے اور اپنے فارغ وقت کو دعاؤں اور تلاوت قرآن کریم میں گزارتے اس لئے غیراز جماعت افراد نے آپ کو صوفی کہنا شروع کر دیا۔ جس سے آپ صوفی کے لقب سے مشہور ہوگئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح کی اقتداء میں نماز کی ادائیگی کیلئے لمبا سفر کر کے بیت فضل میں تشریف لاتے۔ اپنی بہوؤں سے بھی بیٹیوں جیسا سلوک کرتے۔ آپ نے اپنے پیچھے چار بیٹے دو بیٹیاں کثیر تعداد میں پوتے پوتیاں نواسے نواسیاں اور ان کی اولاد یادگار چھوڑی ہیں۔ آپ کی تین ہمشیرگان بقید حیات ہیں اولاد میں مکرم ڈاکٹر محمد جلال شمس صاحب مربی سلسلہ، مکرم ذوالفقار احمد قمر صاحب لندن، مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری لندن، مکرم نصیر احمد نجم صاحب جرمنی، مکرمہ زکیہ فردوس صاحبہ اہلیہ خاکسار اور مکرمہ طیبہ چیمہ صاحبہ اہلیہ مکرم منصور احمد چیمہ صاحب لندن ہیں۔

جرمنی، لندن اور ربوہ میں بے شمار احمدی احباب اور غیراز جماعت دوستوں نے گھر میں آکر، فون فیکس اور خطوط کے ذریعہ تعزیت کی ہے۔ خاکسار تمام اہل خانہ کی طرف سے ان تمام کا شکر گزار ہے جنہوں نے اس صدمہ میں ہمارے زخموں پر مرہم رکھا۔ اللہ تعالیٰ ان تمام کو جزائے خیر عطا فرمائے نیز درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، تمام افراد خانہ کو صبر جمیل اور صدمہ کو برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

مکرم احمد محمود خان صاحب شاہ تاج شوگر ملز کالونی منڈی بہاؤالدین تحریر کرتے ہیں۔

میرے والد محترم راجہ محمد یعقوب خان صاحب ولد حضرت راجہ مدد خان صاحب شاہ تاج شوگر ملز کالونی منڈی بہاؤالدین مورخہ 30 جنوری 2016ء کو وفات پا گئے۔ مورخہ 31 جنوری کو آپ کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر بیت المبارک میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی۔ آپ مورخہ 7 جولائی 1923ء کو قادیان میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد اور والدہ حضرت اصغری بیگم صاحبہ رفقاء حضرت مسیح موعود میں شامل تھے۔ 1945ء میں نائب زعیم خدام الاحمدیہ حلقہ بیت المبارک قادیان رہے۔ 1946ء میں دفتر دعوت الی اللہ قادیان میں تقرر ہوا اور 2007ء تک خلافت لائبریری اور دوسرے دفاتر میں خدمات بجالاتے رہے۔ 1947ء میں تقسیم کے موقع پر بہشتی مقبرہ قادیان کے علاقہ کی حفاظت کی ڈیوٹی سپرد ہوئی۔ 1947ء میں 16 نومبر کو آخری کانوائے میں پاکستان پہنچے۔ 1948ء میں فرقان فورس میں شامل ہوئے اور کشمیر کے محاذ پر جنگ میں حصہ لیا۔ 1967 تا 2004ء مسلسل 37 سال صدر محلّہ دارالصدر شرقی رہے۔ آپ نے اپنی اولاد میں ایک بیٹی اور دو بیٹے چھوڑے ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہمیں ان کی نیکیوں کو جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## ملازمت کے مواقع

پنجاب پبلک سروس کمیشن نے ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ، آفیشل لینگویج کمیٹی آف (S&GAD) اور سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں ملازمتوں کا اعلان کردیا ہے۔ تفصیلات کیلئے وزٹ کریں۔

www.ppsc.gop.pk

نیشنل بینک آف پاکستان کو ٹرینی آفیسرز کی ضرورت ہے۔ تفصیلات و درخواست فارم حاصل کرنے کیلئے وزٹ کریں۔ www.nts.org.pk

پنجاب پولیس کو لاہور، شیخوپورہ، ساہیوال، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، راولپنڈی، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، ڈی جی خان، مظفر گڑھ، بہاولپور اور رحیم یار خان کیلئے سینئر سٹیشن اسسٹنٹ اور پولیس سٹیشن اسسٹنٹ کی آسامیوں کیلئے ICS پاس افراد سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ درخواست فارم و تفصیلات کیلئے وزٹ کریں۔ www.nts.org.pk

ہنڈا اٹلس کارز (پاکستان) لمیٹڈ کو لاہور، کراچی اور اسلام آباد کیلئے ایگزیکٹو سیلز اینڈ مارکیٹنگ اور ایگزیکٹو انجینئر آفٹر سیلز کی ضرورت ہے۔

نیوٹیک لاہور اور جیمز اینڈ جیولری ٹریننگ اینڈ مینوفیکچرنگ سنٹر کے تعاون سے مینول جیولری ڈیزائننگ، جیولری ڈیزائننگ کیڈ، جیم سٹون اینڈ آئیڈنٹیفکیشن، جیم سٹون فیسٹنگ، جیم سٹون کارونگ اور جیولری مینوفیکچرنگ کے 6 ماہ کے شارٹ کورسز کا آغاز کیا جارہا ہے (کورسز کی فیس / چارجز نہیں)۔ تفصیلات و درخواست فارم حاصل کرنے کیلئے وزٹ کریں۔ www.pgjdc.org

**نوٹ:** اشتہارات کی تفصیل کیلئے 14 فروری 2016ء کا اخبار روزنامہ جنگ ملاحظہ فرمائیں۔

(نظارت صنعت وتجارت ربوہ)

## ولادت

مکرم حفیظ احمد صاحب مربی سلسلہ دفاتر مجلس انصاراللہ پاکستان تحریر کرتے ہیں۔

میرے بیٹے مکرم صہیب احمد صاحب مربی سلسلہ نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ یکم فروری 2016ء کو بیٹے سے نوازا ہے۔ جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لبیب احمد عطا فرماتے ہوئے ازراہ شفقت وقف نو کی بابرکت تحریک میں قبول فرمایا ہے۔ نومولود حضرت میاں سلطان احمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود و درویش قادیان کی نسل سے ہے اور ننھیال کی طرف سے نومولود کا تعلق مکرم چوہدری منور علی صاحب سیکرٹری امور عامہ لاہور ابن مکرم چوہدری سلطان علی صاحب مرحوم سے ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک، صالح، خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین


وردہ فیبرکس ڈیزائن 2016ء

لان ھی لان افتتاح 14 فروری

نئے موسم کے نئے رنگ، وردہ فیبرکس کے سنگ لان 1P,2P,3P,4P بوتیک سوٹ لان کرتی دستیاب ہے۔ لان شرٹ پیس 250 میں حاصل کریں

یہ آفر محدود مدت کیلئے ہے سب رنگ آپ کے

ضرورت لیڈیز ویٹر

مغل بینکوئیٹ کیلئے لیڈیز ویٹر کی ضرورت ہے۔

خواہشمند لیڈیز 03336716317 پر رابطہ کریں۔

مغل بینکوئیٹ ہال 3/1 فیکٹری ایریا ربوہ

ربوہ آئی کلینک

اوقات کار روزانہ صبح 10 تا شام 5 بجے تک

چھٹی بروز جمعۃ المبارک

برائے رابطہ فون نمبر: 047-6211707

047-6214414-0301-7972878


### ربوہ میں طلوع وغروب وموسم 17 فروری

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 5:27 |
| طلوع آفتاب | 6:47 |
| زوال آفتاب | 12:23 |
| غروب آفتاب | 5:59 |
| زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت | 22 سنٹی گریڈ |
| کم سے کم درجہ حرارت | 8 سنٹی گریڈ |

موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔

### ایم ٹی اے کے اہم پروگرام

18 فروری 2016ء

| | |
|---|---|
| 6:30 am | حضور انور کا جلسہ کینیڈا سے خطاب |
| 7:40 am | دینی وفقہی مسائل |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 12:05 pm | بیت القدیر کا افتتاح |
| 2:05 pm | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 7:05 pm | خطبہ جمعہ 12 فروری 2016ء |


شادی بیاہ ودیگر تقریبات پر کھانے پکوانے کا بہترین مرکز

مجید پکوان سنٹر یادگار روڈ ربوہ

پروپرائیٹر: فرید احمد: 0302-7682815
0313-7682815

قائم شدہ 1952ء

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

خالص سونے کے اعلیٰ زیورات کا مرکز

شریف جیولرز

میاں حنیف احمد کامران

ربوہ 0092 47 6212515

28 لندن روڈ، مورڈن SM4 5BQ

0044 203 609 4712

0044 740 592 9636

سٹی پبلک سکول (دارالصدر جنوبی ربوہ)

داخلے جاری ھیں

سٹی پبلک سکول کے نیو سیشن 2016-17 کے حوالے سے کلاس 6th تا کلاس 9th داخلے جاری ہیں جس کے لئے **داخلہ فارم** دفتر سے دفتری اوقات میں حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

☆ بہترین عمارت، ماحول، مکمل لیبارٹری، لائبریری کی سہولت

میٹرک کے شاندار رزلٹ کا حامل ادارہ

☆ تجربہ کار اساتذہ اور ماہرین تعلیم کی سرپرستی اور راہنمائی۔

بچوں کے بہتر مستقبل اور داخلہ کے لئے دفتر سے فوری رابطہ کریں

☆ فیصل آباد بورڈ سے الحاق شدہ

رابطہ کے لئے: 047-6214399,6211499

FR-10